AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف سچ کی طاقت
A.B.C CERTIFIED
روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 جمعۃ المبارک 5 شعبان 1445ھ 16 فروری 2024ء 4 پھاگن 2079ب شمارہ نمبر 248

# دفتر خارجہ نے امریکا کا انتخابی نتائج کی تحقیقات کا مطالبہ مسترد کر دیا

انتخابات کے حوالے سے جو مبصرین کی جانب سے بیانات سامنے آئے، بہت سے حقیقت پر مبنی نہیں، پاکستان ایک جمہوری ملک، اظہار رائے کی آزادی ہے، یہ عوام کا حق ہے کہ وہ اپنی رائے کا آزادانہ استعمال کر سکیں

**بھارت جنوبی ایشیا، اس سے باہر ماروائے عدالت ٹارگٹ کلنگز میں ملوث، پاکستان کشمیری عوام کے لیے ہمیشہ اپنی آواز بلند کرتا رہیگا، فلسطینیوں کے قتل عام کو روکنے کا مطالبہ کرتا ہے، ممتاز زہرا بلوچ کی میڈیا سے گفتگو**

اسلام آباد(این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ الیکشن سے متعلق غیر ملکی نصیحتوں کی ضرورت نہیں، پاکستان میں انتخابی عمل اندرونی خود مختاری کا معاملہ ہے، بھارت جنوبی ایشیا، اس سے باہر ماروائے عدالت ٹارگٹ کلنگز میں ملوث ہے، پاکستان کشمیری عوام کے لیے ہمیشہ اپنی آواز بلند کرتا رہے گا، پاکستان فلسطینیوں کے قتل عام کو روکنے کا مطالبہ کرتا ہے، پاکستان میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے خطرات سے باخبر ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ نے صحافیوں کو ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ دفتر خارجہ کی جانب سے پہلے ہی الیکشن کے حوالے سے بیان جاری ہو چکا ہے، انتخابات کے حوالے سے جو مبصرین کی جانب سے بیانات سامنے آئے ہیں، ان میں بہت سے بیانات حقیقت پر مبنی نہیں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان (بقیہ نمبر 27)

## مسلم لیگ (ن) کا کے پی میں انتخابی نتائج مسترد کرنے کا اعلان

**صوبے میں دھاندلی نہیں پی ٹی آئی کے لیے ڈکیتی کی گئی، ترجمان اختیار ولی کا بیان**

پشاور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا نے صوبائی حلقوں کے نتائج کو مسترد کر دیا۔ (ن) لیگ کے مرکزی رہنما و ترجمان اختیار ولی خان نے جاری کردہ بیان میں نتائج کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں دھاندلی نہیں پی ٹی آئی کے لیے ڈکیتی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے علی امین کو وزیر اعلیٰ نامزد کر کے ریاست مخالف ایجنڈا اپنا لیا ہے، علی امین وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# دھاندلی کے الزامات لگانے والے ثبوت دیں الیکشن کمیشن

ریٹرننگ افسر این اے 55 کا حتمی نتیجہ جاری کر چکا، الیکشن کمیشن درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر خارج کرے، مزید تحقیقات کے لیے معاملہ الیکشن ٹریبونل کو بھجوایا جا سکتا ہے، کامیاب اُمیدوار ابرار احمد کے وکیل کا مؤقف

**الیکشن کمیشن نے میڈیا رپورٹس کی بنیاد پر تو فیصلے نہیں دینے، چیف الیکشن کمشنر، فارم 45 کھول کر دیکھ لیں دودھ کا دودھ، پانی کا پانی ہو جائیگا، بشارت راجہ کے وکیل کا مؤقف، این اے 55 کے نتائج سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا ہے کہ انتخابات میں دھاندلی کے الزامات لگانے والے ثبوت پیش کریں۔ چیف الیکشن کمشنر اور ممبر خیبر پختونخوا اکرام اللہ خان نے این اے 55 راولپنڈی کے نتائج سے متعلق درخواست پر سماعت کی، کامیاب امیدوار ابرار (بقیہ نمبر 58)

پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین اور چوہدری شافع حسین سے لاہور ندیم پہلوان ملاقات کر رہے ہیں

### عون چوہدری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی لاء الیکشن کمیشن نے این اے ایک سو اٹھائیس سے عون چوہدری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن (بقیہ نمبر 57)

## پی آئی اے نجکاری کیخلاف درخواست پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی

**نگران حکومت کو روزمرہ امور چلانے کا اختیار، پالیسی معاملات پر فیصلے نہیں کر سکتی، درخواست گزار**

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی آئی اے کی نجکاری کے خلاف درخواست پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس رسال حسن سید نے نبیل جاوید کاہلوں کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے درخواست گزار وکیل کے پیش نہ ہونے پر کیس کی سماعت بغیر (بقیہ نمبر 59)

# امریکا کا پاکستان کے انتخابات پر الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ

اتحادی حکومت پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے، اس کا اختیار امریکا کے پاس نہیں بلکہ پاکستانی عوام یہ فیصلہ کرنے کا حق رکھتے ہیں

**پاکستان میں بننے والی نئی حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے اور دوطرفہ تعلقات بڑھانے کے منتظر ہیں، ترجمان محکمہ خارجہ میتھیو ملر**

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایک بار پھر پاکستان میں ہونے والے عام انتخابات میں دھاندلی کے الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وزارت خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر سے ہفتہ وار بریفنگ کے دوران صحافیوں نے پاکستان میں (بقیہ نمبر 29)

### عمران ریاض کا نام پی این آئی ایل سے نکالنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے صحافی اور وی لاگر عمران ریاض کا نام پی این آئی ایل سے نکالنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شجاعت علی خان نے عمران ریاض کی پی این آئی ایل سے نام (بقیہ نمبر 31)

## پی پی 132 سے نومنتخب رکن اسمبلی سلطان باجوہ ن لیگ میں شامل

**سلطان باجوہ نے پہلے شہباز شریف، پھر نامزد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ملاقات کی**

ننکانہ صاحب (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے حلقہ 132 ننکانہ ا سے آزاد امیدوار کی حیثیت سے کامیاب ہونے والے، چوہدری طارق محمود باجوہ سابق ایم پی اے کے بیٹے چوہدری سلطان باجوہ نے مسلم لیگ ن میں باقاعدہ شمولیت اختیار کر لی، سلطان باجوہ نے پہلے (بقیہ نمبر 30)

# جسٹس مظاہر نقوی کیخلاف سپریم جوڈیشل کونسل کی کارروائی، 7 گواہوں کے بیان قلمبند

سپریم جوڈیشل کونسل سپریم کورٹ کے فیصلوں تک کسی فیصلے پر نہیں پہنچے گی، مظاہر نقوی کی درخواست پر کارروائی پبلک کیلئے اوپن ہے، چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

**مظاہر نقوی نے خواجہ حارث سے وکالت نامہ واپس لے لیا، کونسل کی اوپن کارروائی میں کوئی بھی آ کر گواہ پر جرح کر سکتا ہے، سپریم جوڈیشل کونسل، سماعت ملتوی**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جسٹس مظاہر نقوی کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل کی کارروائی، سپریم جوڈیشل کونسل نے 7 گواہان کے بیانات ریکارڈ کر لیے، کونسل کل مزید 4 گواہان کے بیانات ریکارڈ کرے گی۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ سپریم جوڈیشل کونسل سپریم کورٹ کے فیصلوں تک کسی فیصلے پر نہیں پہنچے گی، مظاہر نقوی کی درخواست پر کارروائی پبلک کے لیے اوپن ہے۔ سپریم جوڈیشل کونسل کے مطابق مظاہر نقوی نے رجسٹرار کو بذریعہ خط مطلع کیا ہے کہ انہوں نے خواجہ حارث سے وکالت نامہ واپس لے لیا ہے، کونسل نے مظاہر نقوی کو اجازت دی ہے کہ وہ کسی بھی گواہ پر جرح کر سکتے ہیں۔ سپریم جوڈیشل کونسل کے مطابق کونسل کی اوپن کارروائی میں کوئی بھی آ کر گواہ پر جرح کر سکتا ہے، کارروائی میں کسی نے گواہان پر جرح نہیں کی، کونسل نے مزید کارروائی آج تک ملتوی کر دی۔

# پی ٹی آئی نے عمر ایوب کو وزارتِ عظمیٰ، پنجاب میں میاں اسلم کو وزیر اعلیٰ کیلئے نامزد کر دیا

پیپلز پارٹی سے مذاکرات نہیں ہونگے، ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ پنجاب، وفاق اور کے پی میں حکومتیں بنائیں، کوئی بھی یہ حق نہیں رکھتا کہ جعلی مینڈیٹ سے آئے، بیرسٹر گوہر

**بچہ بچہ جانتا ہے کہ تحریک انصاف کے مینڈیٹ کو چوری کیا گیا ہے، الیکشن میں دھاندلی کے خلاف احتجاج کرنے والی جماعتوں سے رابطہ کریں گے، اسد قیصر کی میڈیا سے گفتگو**

لاہور/راولپنڈی (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف نے پنجاب میں میاں اسلم اقبال، بلوچستان میں سالار خان کاکڑ کو وزیر اعلیٰ نامزد کر دیا جبکہ کے پی میں سپیکر کے لیے عاقب اللہ امیدوار ہوں گے۔ رہنما تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ پنجاب، وفاق اور کے پی میں حکومتیں بنائیں، کوئی بھی یہ حق نہیں رکھتا کہ جعلی مینڈیٹ سے حکومت میں آئے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی سے ہمارے مذاکرات نہیں ہوں گے، انہوں نے انتخابی نتائج کے خلاف ہفتے کے روز ملک بھر میں پر امن احتجاج کا اعلان کر دیا۔ دوسری جانب تحریک انصاف نے عمر ایوب کو وزارت عظمیٰ کے لئے نامزد کر دیا، پی ٹی آئی رہنما اور سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزارت عظمیٰ کیلئے عمر ایوب ہمارے امیدوار ہوں (بقیہ نمبر 32)

چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

## عدالتی فیصلے سے سپیکر قومی اسمبلی کیخلاف ریمارکس حذف کرنے کا حکم

**ججز کو کسی شخص کی غیر موجودگی میں اس کیخلاف ریمارکس دیتے ہوئے محتاط ہونا چاہیے، سپریم کورٹ**

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، اسپیکر قومی اسمبلی اور سابق وزیر اعظم راجا پرویز اشرف کی اپیل منظور کرتے ہوئے اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے میں موجود ان کے خلاف ریمارکس حذف کرنے کا حکم دیدیا۔ سابق وزیر اعظم راجا (بقیہ نمبر 34)

### امیر مقام کی کامیابی کے نوٹیفکیشن کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے رہنما مسلم لیگ (ن) انجینئر امیر (بقیہ نمبر 33)

### نامزد وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آزاد کشمیر نے رہنما تحریک انصاف اور خیبر پختونخوا کے نامزد وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کے (بقیہ نمبر 35)

وفاقی وزیر داخلہ گوہر اعجاز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## اسرائیل طبی امدادی کارروائیوں میں بھی رکاوٹ ڈال رہا ہے، ڈبلیو ایچ او

**ہسپتالوں کو ادویات اور طبی آلات کی راہ میں رکاوٹ نہ ڈالی جائے تو بہتری آ سکتی ہے، نمائندہ**

تل ابیب (این این آئی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے غزہ میں امدادی کارروائیوں میں اسرائیل کی طرف سے رکاوٹ ڈالنے کی وجہ ہسپتالوں کی حالت اور زخمیوں سمیت مر (بقیہ نمبر 36)

# میرا احساس ہے اعتماد اور امید ختم ہو چکی ہے صدر مملکت

اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ کا حق دلوانے کی کوشش کی، الیکٹرانک ووٹنگ مشین کا آئیڈیا لائے لیکن اسے مسترد کیا گیا

**انتخابی نتائج پر آج پورا ملک سوالات اٹھا رہا ہے، اگر ای وی ایم ہوتی تو آج یہ مسائل نہ ہوتے، عارف علوی کی صحافیوں سے گفتگو**

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ملک بھر میں 8 فروری کو ہونے والے عام انتخابات کے نتائج پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج پورا ملک انتخابی نتائج پر سوال اٹھا رہا ہے، پاکستان تحریک انصاف کی حکومت الیکٹرانک ووٹنگ مشین کا آئیڈیا لے کر آئی لیکن اسے مسترد کیا گیا، اگر ای وی ایم ہوتی تو آج یہ مسائل نہ ہوتے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ایوان صدر میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اوور (بقیہ نمبر 38)

## مینڈیٹ چوری کرنیوالوں نے اپنا چیف نواز شریف کو چنا تھا، بابر اعوان

**مینڈیٹ چوروں نے نواز شریف کا مینڈیٹ بھی چوری کر لیا، رہنما پی ٹی آئی کی میڈیا سے گفتگو**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بابر اعوان نے کہا ہے کہ مینڈیٹ چوری کرنے والوں نے اپنا چیف نواز شریف کو چنا تھا، مینڈیٹ چوروں نے نواز شریف (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ریڈ فاؤنڈیشن کا وفد ملاقات کر رہے ہیں

## جہانگیر ترین کے استعفے سے آئی پی پی کا سفر نہیں رکے گا، فردوس عاشق

**دھاندلی کا شور مچانے والوں کو اپنا الزام ثابت بھی کرنا پڑے گا، سیکرٹری اطلاعات آئی پی پی**

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ جہانگیر ترین کے استعفے کے ساتھ آئی پی پی کا سفر نہیں رکے گا۔ انہوں نے اپنے (بقیہ نمبر 39)

### عمران خان، بشریٰ بی بی کیخلاف القادر ٹرسٹ کیس کی سماعت بغیر کارروائی ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم و بانی تحریک انصاف عمران خان اور ان (بقیہ نمبر 40)

### الیکشن کمیشن، این اے 15 مانسہرہ سے نواز شریف کی درخواست خارج

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پاکستان مسلم لیگ (بقیہ نمبر 41)

### نگراں وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے 2 اہم فیصلوں کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے 2 اہم (بقیہ نمبر 42)

لاہور، پنجاب پولیس میں بھرتی کیلئے امیدوار لائن میں کھڑے اپنی باری کا انتظار کر رہے ہیں

# پانی کی فراہمی کے لئے نظام کی بہتری ناگزیر ہے: گوہر اعجاز

مربوط، جامع اور موثر نظام وضع کرنا ہو گا تاکہ عوام کو معیاری سہولیات فراہم کی جا سکیں، جلد از جلد تمام ضروری اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے

**چاہتے ہیں کہ دارالحکومت دوسرے شہروں کیلئے روشن مثال بنے، پانی کی فراہمی اور صفائی بنیادی ضروریات ہیں، آج فیصلہ سازی کرنا ہو گی، وزیر داخلہ**

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر داخلہ ڈاکٹر گوہر اعجاز کی زیر صدارت جمعرات کو منعقدہ اجلاس میں جڑواں شہروں راولپنڈی اسلام آباد میں پانی کی فراہمی، صفائی اور فضلہ کو ٹھکانے لگانے کے موجودہ نظام کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے خصوصی شرکت کی جبکہ چیف کمشنر اسلام آباد، لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ، آر ڈی اے اور کنٹونمنٹ بورڈ کے نمائندگان بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ آٹھ (بقیہ نمبر 55)

## انڈونیشیا صدارتی انتخابات، سوبیانتو نے جیت کا اعلان کر دیا

**ہم انڈونیشیا کے سب سے قابل بیٹوں اور بیٹیوں پر مشتمل حکومت بنائیں گے، خطاب**

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا میں صدارتی انتخابات میں 78 سے 93 فیصد ووٹوں کی گنتی مکمل ہو گئی، وزیر دفاع پرابوو سوبیانتو نے اپنی جیت کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے بتایا کہ غیر سرکاری نتائج کے مطابق پرابوو سوبیانتو کو 58 فیصد ووٹوں کے ساتھ برتری حاصل (بقیہ نمبر 56)

### اوگرا نے گیس کمپنیوں کے لئے ایل این جی قیمتوں میں کمی کر دی

اسلام آباد (این این آئی) اوگرا نے گیس کمپنیوں کے لئے ایل این جی قیمتوں میں (بقیہ نمبر 54)

### پی کے 40 میں دوبارہ گنتی روکنے کی درخواست پر الیکشن کمیشن کو نوٹس، جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی کے 40 میں دوبارہ گنتی روکنے کی درخواست پر الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کرتے (بقیہ نمبر 52)

### ایل پی جی کی قلت کے حوالے سے کیس میں فریقین کو نوٹسز جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ایل پی جی کی قلت کے حوالے سے کیس میں فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے سماعت دو (بقیہ نمبر 51)

### انتخابی نشان واپس لینے کے قانون کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل میں مزید ترمیم کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سیاسی جماعتوں سے انتخابی نشان واپس لینے کے قانون کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل میں مزید ترمیم کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔ (بقیہ نمبر 49)

لاہور، استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم کو الیکشن میں کامیابی پر چوہدری ماجد محمود مبارکباد دیتے ہوئے

## کینیڈا کی اسلامک سینٹر کی دیوار پر نفرت انگیز ڈرائنگ کی مذمت

**ملک بھر میں اسلاموفوبیا میں اضافہ تشویشناک، گھناؤنا اور ناقابل قبول ہے، وزیر اعظم ٹروڈو**

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈین وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا ہے کہ اسلامک سینٹر آف کیمبرج میں توڑ پھوڑ اور اس کی دیوار پر نفرت انگیز ڈرائنگ بنائے جانے کا واقعہ ناقابل قبول ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جسٹن ٹروڈو نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر اونٹاریو میں (بقیہ نمبر 50)

## جلاؤ گھیراؤ مقدمات، عمران خان کی عبوری ضمانتوں میں 19 فروری تک توسیع

**آئندہ سماعت پر بانی پی ٹی آئی کی جیل سے ویڈیو لنک حاضری کیلئے انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت**

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے (بقیہ نمبر 53)

## تلخیاں کم کرنے کیلئے انا، ضد اور بدلے کے بت توڑ دیئے جائیں، سعد رفیق

**خاص مدت کیلئے قومی اسمبلی میں موجود جماعتوں پر مشتمل قومی حکومت کی تشکیل پر غور کیا جائے**

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ وفاق میں حکومت سازی کے لئے سادہ اکثریت کسی کے پاس نہیں۔ سماجی رابطے کی (بقیہ نمبر 45)

### پولیس اہلکار کو تھپڑ مارنے کا کیس، فردوس عاشق اعوان نے معافی مانگ لی

اسلام آباد (این این آئی) رہنما استحکام پاکستان پارٹی فردوس عاشق اعوان نے پولیس اہلکار کو تھپڑ مارنے کے کیس میں (بقیہ نمبر 46)

### توڑ پھوڑ کیس، پرویز الٰہی کے جوڈیشل ریمانڈ میں 14 دن کی توسیع

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے جوڈیشل کمپلیکس توڑ پھوڑ کیس میں سابق وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 44)

## نواز شریف کے پیچھے ہٹنے پر ن لیگ کے اراکین میں مایوسی پھیل گئی

**نواز شریف بظاہر سائیڈ لائن ہو چکے، پارٹی کے عام اراکین کیلئے حقیقت قبول کرنا مشکل**

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کی وزارت عظمیٰ کے لیے نامزدگی کے بعد پارٹی میں مایوسی پھیل گئی، جس کا اظہار سوشل میڈیا پر بھی کیا جانے لگا۔ (بقیہ نمبر 47)

## راکھی ساونت عمران خان کی حمایت میں سامنے آ گئیں

**جب عمران خان جیل سے رہا ہوں گے تو وہ انہیں مبارکباد دینے پاکستان ضرور آئیں گی، گفتگو**

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی متنازع اداکارہ راکھی ساونت نے پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی حمایت میں نعرہ لگاتے ہوئے کہا ہے کہ جب وہ جیل سے (بقیہ نمبر 48)

# پنجاب میں نمونیا سے سنگین صورتحال برقرار، مزید 9 بچے دم توڑ گئے

رواں سال نمونیا سے اب تک 362 اموات رپورٹ ہو چکی، صوبے میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نمونیا کے 773، لاہور میں 197 نئے کیسز رپورٹ

**پنجاب میں نمونیا کے بڑھتے ہوئے کیسز کی بڑی وجہ رواں سال موسم سرما میں فضائی آلودگی کی وجہ سے پیدا ہونے والی اسموگ بھی ہے، ماہرین صحت**

لاہور (این این آئی) پنجاب میں نمونیا سے سنگین صورتحال برقرار ہے، جہاں اس بیماری سے مزید 9 بچے زندگی کی بازی ہار گئے۔ پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نمونیا کے 773 جبکہ لاہور میں 197 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، لاہور میں 24 گھنٹے کے دوران نمونیا سے ایک ہلاکت رپورٹ ہوئی۔ پنجاب میں رواں سال نمونیا سے 362 اموات اور لاہور میں 62 اموات رپورٹ ہوئیں۔ ملک کے سب سے بڑے صوبے میں (بقیہ نمبر 43)

لاہور بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام وکلاء اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی ریلی نکال رہے ہیں

TALK
JAMAAT E ISLAMI
PRESS CONFERENCE
JAMAAT E ISLAMI
MEDIA TALK
JAMAAT E ISLAMI
لاہور، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

روزنامہ DAILY MASAFAT LAHORE لاہور
مسافت
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

# چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی گفتگو

پاکستان پیپلز پارٹی نے وزارت عظمٰی کے لیے مسلم لیگ ن کے امیدوار کو ووٹ دینے اور حکومت کا حصہ نہ بننے کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی نے پاکستان کو بحران سے نکالنے کا اصولی فیصلہ کیا ہے، ہم پاکستان کھپے کا نعرہ لگاتے ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ہمارا اصولی فیصلہ ہے کہ ملک کو بحران سے نکالنا ہے، مستحکم بنانا ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے پاس مرکز میں حکومت بنانے کیلئے مطلوبہ مینڈیٹ نہیں تھا اس لیے میں وزیراعظم کا امیدوار نہیں ہوں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پی ٹی آئی نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ پیپلز پارٹی کے ساتھ بات نہیں کرے گی، ن لیگ نے ہمیں حکومت سازی کیلئے دعوت دی تھی، وزارت عظمٰی کے لیے مسلم لیگ ن کے امیدوار کو ووٹ دیں گے لیکن ن لیگ کی حکومت کی کابینہ میں شامل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ملک میں سیاسی افراتفری، بحران نہیں چاہتی، خود کو وزیراعظم کی دوڑ میں شامل نہیں کرتا، ہمیں ملک میں سیاسی عدم استحکام بھی نظر آ رہا ہے، عوام نے الیکشن میں حصہ لیا، عوام اب مزید سیاسی عدم استحکام نہیں چاہتے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ سی ای سی اراکین نے ن لیگ کے حوالے سے کافی اعتراضات کا اظہار کیا، انتخابات کے نتائج کو احتجاج کے ساتھ قبول کریں گے

## سیاسی استحکام کے بغیر ملک معاشی ترقی نہیں کرسکتا۔ احسن شاہد

### بے روزگاری کے خاتمے اور سستی گیس اور بجلی کے حصول کے لیے ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے

لاہور (پ ر) سیاسی استحکام کے بغیر ملک معاشی ترقی نہیں کرسکتا۔ احسن شاہد سیاسی جماعتوں کو ذاتی مفاد سے بالاتر ہوکر مہنگائی افراطِ زر، بے روزگاری کے خاتمے اور سستی گیس اور بجلی کے حصول کے لیے ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے ان خیالات اظہار ڈسپوزیبل پیکنگ ایسوسی ایشن کے صدر احسن شاہد نے الیکشن کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ آنے والی نئی حکومت کو غیر معمولی مہنگائی بے روزگاری، قرضوں کے گراف میں اضافہ، ایکسپورٹ میں کمی افراط زر اور دیگر بے شمار مسائل کا سامنا کرنا ہوگا انہوں نے کہا حکومت معاشی اصلاحات کے وقت ملکی اور انٹرنیشنل حالات کو مدنظر رکھ کر معاشی پالیسیاں تشکیل دے اس مقصد کے حصول کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ کیا جائے جبکہ ملک کی اکانومی کی ترقی کے لیے تمام تاجر، صنعت کار اور دیگر بزنس کمیونٹی نئی وجود میں آنے والی حکومت سے تعاون کے لیے تیار ہے، صدر نے کہا ورلڈ اکنامک فورم 2024 کی رپورٹ کے مطابق ملک کو ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے اپنے معاشی نظام کو استوار کرنا ہوگا احسن شاہد نے مزید کہا غیر معمولی قرضوں کے علاوہ ماحولیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مزید اخراجات کی ضرورت ہوگی ان حالات میں ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے بڑے بڑے معاشی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا، ان چیلنجز سے نبرد آزما کے لیے لانگ ٹرم پالیسیاں بنانا ہوں گی

## متروکہ وقف املاک، سب کمیٹی پروموشن اینڈ کنزرویشن کا اجلاس جانکی دیوی ہسپتال کی آمدن میں سو فیصد اضافہ

ننکانہ صاحب (حکیم ریاض احمد) متروکہ وقف املاک، سب کمیٹی پروموشن اینڈ کنزرویشن کا اجلاس جانکی دیوی ہسپتال کی آمدن میں سو فیصد اضافہ اور جلد کام مکمل کرنے پر سیکرٹری کو مبارکباد پیش کرتے ہیں سردار کرپا سنگھ تفصیلات کے مطابق متروکہ وقف املاک، سب کمیٹی پروموشن اینڈ کنزرویشن کا اجلاس بورڈ آفس لاہور میں ہوا اجلاس کی صدارت کمیٹی کے سربراہ بریگیڈیئر (ر) اختر نواز جنجوعہ نے کی جبکہ اس موقع پر کمیٹی ممبر سہیل احمد رضا، ڈاکٹر جویریہ غضنفر، بورڈ ممبر ننکانہ صاحب سردار کرپا سنگھ، کرشن شرما اور سیکرٹری پی آئی ایف سید فراز عباس نے شرکت کی کمیٹی کے ارکان نے جانکی دیوی ہسپتال کی آمدن میں سو فیصد اضافہ اور انتہائی قلیل وقت میں تزئین و آرائش سمیت دیگر تعمیراتی کام مکمل کرنے پر سیکرٹری سید فراز عباس کو مبارکباد دی۔ چیئرمین بورڈ نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے جانکی دیوی ہسپتال کی تعمیر کا جلد مکمل کروایا اس موقع پر کٹاس راج میں ہری سنگھ نلوہ کی جگہ کی تعمیر کا بھی فیصلہ کیا گیا

## حکومت پنجاب کی ہدایت کے مطابق ڈسٹرکٹ اسیسمنٹ بورڈ برائے خصوصی افراد کا اجلاس

جھنگ (اجمل حسین بیورو چیف) حکومت پنجاب کی ہدایت کے مطابق ڈسٹرکٹ اسیسمنٹ بورڈ برائے خصوصی افراد کا اجلاس زیر صدارت ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راؤ محمد ارشد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال جھنگ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ آرتھوپیڈک سرجن ڈاکٹر غلام یاسین بھٹی، میڈیکل سوشل آفیسر فضل عباس، مہر محمد ریاض نول صدر آمنہ ویلفیئر فاؤنڈیشن جھنگ، TEVTA سے سبطین رضا خان بلوچ فوکل پرسن DPMS محمد فاروق سمیت دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ بورڈ میں 48 مختلف کیٹگری کی درخواست پر غور کیا گیا جن میں 33 مکمل فٹنس رپورٹ دیکھنے اور چیک اپ کے بعد افراد کو سپیشل پرسن قرار دیا گیا اور 15 افراد کے کیسز مختلف سپیشلسٹ کو حتمی رائے کیلئے بھجوایا گیا ہے۔ ڈاکٹر راؤ محمد ارشد نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے اور ہمارا مشن اپنے وسائل میں رہتے ہوئے انسانیت کی خدمت کرنا ہے۔ حکومت پنجاب خصوصی افراد کی بحالی اور روزگار کیلئے خصوصی اقدامات کر رہی ہے

## ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف کا شاہ کوٹ روڈ پر جاری ترقیاتی سکیم کا اچانک دورہ

ننکانہ صاحب (حکیم ریاض احمد) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف کا شاہ کوٹ روڈ پر جاری ترقیاتی سکیم کا اچانک دورہ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نے نالے کی تعمیر میں استعمال ہونے والے میٹریل کی کوالٹی کا جائزہ لیا، نالے کے تعمیراتی کام میں دوم اینٹ استعمال کی جا رہی تھی جس پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف نے نالے کی تعمیر میں ناقص میٹریل استعمال کرنے والے ٹھیکیدار کو نوٹس جاری کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اپنی موجودگی میں ناقص میٹریل کو موقع سے ہٹوا کر اول کوالٹی کے میٹریل سے نالے کی تعمیراتی کام دوبارہ شروع کروا دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں ناقص میٹریل کا استعمال کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور کسی بھی ٹھیکیدار کو ترقیاتی سکیموں میں ناقص میٹریل کے استعمال سے قومی خزانے کو نقصان نہیں پہنچانے دیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلع بھر میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے گا اور ترقیاتی سکیموں میں میٹریل کی کوالٹی کا جائزہ لینے کے لیے خود دورے کروں گا۔

## سی ای او ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر معیز منصور کے زیر صدارت CEOs کانفرنس کے حوالے سے جائزہ اجلاس

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر سی ای او ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر معیز منصور کے زیر صدارت CEOs کانفرنس کے حوالے سے جائزہ اجلاس، اجلاس میں پی ای اوز ڈیک کے تمام انڈیکیٹرز) اعشاریوں (کی تکمیل کے حوالے سے جائزہ لیا گیا۔ منعقدہ اجلاس میں HF انچارجز، SBAs، ڈسپنسرز، DDHO اور SO (IRMNCH) بھی شریک تھے سی ای او ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر معیز منصور نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جن کے اعشاریے مقررہ ہدف سے کم ہیں انہیں بہتر بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت کا شعبہ انسانی زندگیوں سے جڑا ہوا ہے اس میں کسی قسم کی غفلت و کوتاہی کی کوئی گنجائش نہیں۔ تمام ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف اپنے فرائض و ذمہ داریاں ایمانداری اور خلوص نیت کے ساتھ ادا کریں تا کہ زیادہ سے زیادہ قیمتی جانوں کو معیاری علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی سے محفوظ بنایا جا سکے۔ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کا تعلق متوسط اور کم آمدن گھرانوں سے ہے ان کے علاج معالجے کے لیے حکومت تمام تر وسائل مہیا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت حکومت پنجاب کی طرف سے صحت کے شعبے کو بہتر بنانے اور ان کی مانیٹرنگ کے لیے اعشاریے وضع کیے گئے ہیں ان پر نہ صرف عملدرآمد کیا جائے بلکہ ان کے 100 فیصد حصول کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے بلخصوص تحصیل ہیڈ کوارٹر اور دیہی مراکز صحت کے انچارجز کو ہدایت کی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہسپتال میں موجود تمام عملہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور لواحقین سے اچھے اخلاق سے اور ان کے علاج معالجے میں ہر ممکن سہولیات فراہم کریں

## جی ڈبلیو ایم سی اور وائٹل گروپ آف کالجز گوجرانوالہ کے مابین معاہدہ طے پا گیا،

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر جی ڈبلیو ایم سی اور وائٹل گروپ آف کالجز گوجرانوالہ کے مابین معاہدہ طے پا گیا، معاہدہ کے مطابق کمپنی کے تمام ملازمین کے بچوں کو وائٹل کالج میں تعلیم حاصل کرنے پر فیس میں 90 فیصد تک ریلیف فراہم کیا جائے گا معاہدہ پر دستخط چیئرمین جی ڈبلیو ایم سی کاشف اسماعیل گجر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر وائٹل گروپ آف کالجز میاں تنظیم حسین نے کیا اس موقع کمپنی سیکرٹری محمد خرم شہزاد کے علاوہ وائٹل گروپ آف کالجز کی انتظامیہ) نصیر خان پرنسپل حافظ آباد کیمپس، غلام صابر پرنسپل ڈسکہ کیمپس، بابر مصطفیٰ پرنسپل وزیر آباد کیمپس (موجود تھی چیئرمین جی ڈبلیو ایم سی کاشف اسماعیل، سی ای او شاہد عباس جوتہ کی اس کاوش سے کمپنی ملازمین کے بچوں کو معیاری تعلیم کے حصول پر وائٹل کالج سے معاہدہ طے پانے پر تمام ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، ہیڈ آفس سمیت ملازمین اور سی بی اے یونین (سینٹری ورکرز اتحاد نے اسے ملازمین کے لئے فلاحی اور زبردست اقدام قرار دیا ہے جس سے کم آمدنی والے ملازمین پر مالی بوجھ میں نمایاں کمی آئے گی چیئرمین جی ڈبلیو ایم سی کاشف اسماعیل گجر نے وائٹل گروپ آف کالجز کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دونوں اداروں کے درمیان ہونے والے اس معاہدے کے ثمرات ملازمین تک پہنچیں گے اور ان کے بچے بھی محدود وسائل میں معیاری تعلیم حاصل کر سکیں گے ایگزیکٹو ڈائریکٹر وائٹل گروپ آف کالجز میاں تنظیم حسین اور انتظامیہ نے کم آمدنی والے ملازمین کے بچوں کو وائٹل گروپ آف کالجز میں تعلیم حاصل کرنے پر 90 فیصد تک ریلیف فراہم کرنے کے اقدام اور معاہدے کو دونوں اداروں کیلئے خوش آئند اقدام قرار دیا ہے۔ انہوں نے اس معاہدے کو جی ڈبلیو ایم سی کے ملازمین کیلئے چیئرمین محمد کاشف اسماعیل اور چیف ایگزیکٹو آفیسر شاہد عباس جوتہ کی خصوصی کاوش کا نتیجہ قرار دیا

## انچارج سب انسپکٹر راشد وسیم ہمراہ پٹرولنگ ٹیم نے دوران ناکہ بندی 06 کس ناجائز اسلحہ ہولڈرز سے دو عدد جدید رائفلیں اور 08 پسٹل درجنوں گولیاں برآمد کیں

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) (ڈی ایس پی پٹرولنگ عرفان الحق سلہریا کی زیر قیادت پٹرولنگ پولیس پوسٹ جاگے چیمہ کے انچارج سب انسپکٹر راشد وسیم ہمراہ پٹرولنگ ٹیم نے دوران ناکہ بندی 06 کس ناجائز اسلحہ ہولڈرز سے دو عدد جدید رائفلیں اور 08 پسٹل درجنوں گولیاں برآمد کیں جبکہ پٹرولنگ پولیس پوسٹ کھمرانوالہ کی پٹرولنگ ٹیم نے ناجائز اسلحہ ہولڈر سے پسٹل نائن ایم ایم اور گولیاں برآمد کیں علاوہ ازیں پٹرولنگ پولیس پوسٹ کھوئی شاپ کی پٹرولنگ ٹیم کے انچارج سب انسپکٹر سرفراز ہمراہ پٹرولنگ ٹیم نے بدنام زمانہ شراب سپلائر سے گیارہ لیٹر شراب برآمد کی ملزمان کے خلاف مقامی تھانہ جات میں مقدمات درج کروائے گئے اس موقع پر ڈی ایس پی پٹرولنگ عرفان الحق سلہریا کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے سخت اقدامات اپنائے جا رہے ہیں بلا امتیاز کاروائیاں جاری ہیں

## ڈسٹرکٹ پبلک سکول میں سالانہ سپورٹس گالا 2024 کا انعقاد ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کی بطور مہمان خصوصی شرکت

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری (ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج قصور میں سالانہ سپورٹس گالا 2024 کا انعقاد گزشتہ روز ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر قصور و چیئرمین بورڈ آف گورنرز ڈی پی ایس محمد ارشد بھٹی نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پرنسپل کرنل (ر) محمد عدیل ایڈمنسٹریٹر ڈی پی ایس محمد جہانگیر چوہڑ طلباء و طالبات اور اساتذہ نے شرکت کی۔ سپورٹس گالا کا آغاز روایتی شمع کو روشن کر کے کیا گیا اور اس موقع پر رنگ برنگے غبارے ہوا میں چھوڑے گئے، آتش بازی کی گئی اور کبوتروں کو آزاد کیا گیا۔ اس موقع پر طلباء و طالبات نے کلچرل شو پی ٹی شوز ٹیبلو اور تمام صوبوں کی ثقافت کو پیش کیا۔ روایتی چاٹی ریس اور دوڑ کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ اساتذہ اور سٹاف کے درمیان رسہ کشی کا بھی مقابلہ ہوا جو اساتذہ نے جیت لیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی نے سپورٹس گالا میں شرکت کرنے والے طلباء و طالبات کی کارکردگی کو بہت سراہا اور منتظمین کو پروگرام کے بہترین انعقاد پر مبارکباد دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تدریس کے ساتھ ساتھ بچوں کی جسمانی نشوونما کیلئے ایسے پروگراموں کا انعقاد جاری رہنا بہت ضروری ہے ایسی سرگرمیاں بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے سالانہ سپورٹس مقابلوں میں پوزیشن حاصل کرنیوالے طلباء و طالبات اور منتظمین میں ٹرافیاں اور شیلڈز تقسیم کیں۔ ڈپٹی کمشنر کو سکول انتظامیہ کی طرف سے سوینئر پیش کیا

## ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال جھنگ کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں ڈسٹرکٹ جھنگ تھرڈ کوارٹر ریویو ٹی بی پروگرام کا انعقاد

جھنگ (اجمل حسین بیورو چیف) (نیشنل ٹی بی کنٹرول پروگرام کی زیر نگرانی ایسوسی ایشن فار سوشل ڈویلپمنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال جھنگ کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں ڈسٹرکٹ جھنگ تھرڈ کوارٹر ریویو ٹی بی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس صدارت ڈسٹرکٹ ٹی بی آفیسر ڈاکٹر میاں محمد احسن سلیانہ نے کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ٹی بی پروگرام ڈاکٹر سید ارتضیٰ الحسنین شاہ بھی موجود تھے پروگرام میں ضلع بھر سے ڈاکٹرز اور شہر بھر کے پرائیویٹ سیکٹر سے پریکٹیشنرز کی کثیر تعداد نے خصوصی طور پر شرکت کی یہ پروگرام ہر سال ہر تین ماہ بعد کوآرٹر میٹنگ کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں ٹی بی کے خاتمے کی پراگریس کو ایسس کیا جاتا ہے اس میٹنگ کا مقصد اور گول بھی یہی ہوتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ نچلے لیول تک ٹی بی کی دوائی پرائیویٹ سیکٹر اور پرائیویٹ ڈاکٹروں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ ٹی بی کے مریضوں کے گھروں تک پہنچائی جا سکے جو کہ ٹی بی ایک موذی مرض ہے جس کے خاتمے کیلئے دن رات کوشاں ہیں اور اس بارے لوگوں کو ٹی بی کے بارے آگاہی بھی فراہم کی جاتی ہے اس موقع پر ڈسٹرکٹ ٹی بی آفیسر ڈاکٹر میاں احسن سلیانہ سیال نے کہا کہ اب ٹی بی کوئی لاعلاج مرض یا بیماری نہیں رہی کوئی بڑی بیماری نہیں بلکہ ٹی بی قابل علاج مرض ہے اور اس کا علاج بھی سو فیصد مفت ہے انہوں نے بتایا کہ اب ٹی بی کا علاج نہ صرف سرکاری سطح پر مفت ہے بلکہ پرائیویٹ سیکٹر میں بھی اس کی ادویات اور ٹیسٹ مفت کیے جاتے ہیں ڈسٹرکٹ ٹی بی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر سید ارتضیٰ الحسنین شاہ نے کہا کہ ایسوسی ایشن فار سوشل ڈویلپمنٹ (ASD) جو کہ پرائیویٹ سیکٹر میں ٹی بی کی مفت تشخیص اور علاج پر کام کر رہی ہے اس موقع پر موجود ڈاکٹرز اور پریکٹیشنرز نے ٹی بی جیسی موذی مرض کے خاتمہ میں بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور تہیہ کرتے ہوئے یہ عہد کیا کہ اس موذی مرض کے خاتمے تک ایسوسی ایشن فار سوشل ڈویلپمنٹ برائے ٹی بی پروگرام کے سلوگن، ٹی بی سو فیصد قابل علاج مرض ہے ۔۔۔۔ مفت تشخیص مفت علاج، کا مکمل ساتھ دیں گے

## کمالیہ شہر اور گردونواح میں مہنگائی کے باعث غریب اور دیہاڑی دار طبقہ کے گھروں میں فاقہ کشی کی نوبت آ گئی ہے

کمالیہ) نامہ نگار (کمالیہ شہر اور گردونواح میں مہنگائی کے باعث غریب اور دیہاڑی دار طبقہ کے گھروں میں فاقہ کشی کی نوبت آ گئی ہے۔ سبزیوں مٹر، پیاز، ٹماٹر، لہسن، بھنڈی، گوبھی، کریانہ مرچنٹس مارکیٹ میں آٹا، دالیں، گھی، چینی وغیرہ سب مہنگے داموں فروخت کر رہے ہیں۔۔ اور کوئی پوچھنے والا نہیں۔ تمام دوکانداروں نے اپنی من مرضی کے ریٹس مقرر کر رکھے ہیں۔ سرکاری ریٹ لسٹ پر کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ روزمرہ اشیا کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ کے باعث عام آدمی کی قوت خرید ختم ہو چکی ہے۔ ناجائز منافع خوروں اور مافیاز نے لوٹ مار کا بازار گرم رکھا ہے۔

## حکومت ایک مرتبہ پھر بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کرنے جارہی ہے، جنرل سیکرٹری سکریپ ایسوسی ایشن ملک ارشاد

کمالیہ) نامہ نگار (جنرل سیکرٹری سکریپ ایسوسی ایشن ملک ارشاد نے کہا ہے کہ حکومت ایک مرتبہ پھر بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کرنے جارہی ہے جس سے مہنگائی کا سیلاب آئے گا اور عوام کے لیے بجلی اور گیس کے بل ادا کرنے مشکل ہو جائیں گے غریب عوام پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں بری طرح پس رہی ہے عوام کو ریلیف دینے کی بجائے ان پر مزید مہنگائی کے بم گرائے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے ایک بیان میں کیا ان کا مزید کہنا تھا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ عام ادمی کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے درست پالیسیاں مرتب کرے جس سے براہ راست عام ادمی مستفید ہو سکے اور ملک میں کاروباری حالات بہتر کیے جائیں تا کہ تاجر برادری جس اذیت اور پریشانی میں مبتلا ہے

## حلقہ کی عوام نے پہلے سے بڑھ کر مجھے عزت اور حوصلہ افزائی کی، سابق آزاد امیدوار برائے ایم پی اے حلقہ پی پی 44 ضیافت علی اعوان

ہیڈ مرالہ) نامہ نگار) سابق آزاد امیدوار برائے ایم پی اے حلقہ پی پی 44 ضیافت علی اعوان کا کہنا ہے کہ حلقہ کی عوام نے پہلے سے بڑھ کر مجھے عزت اور حوصلہ افزائی کی جس کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ ضروری نہیں کہ انسان انتخابات جیت کر ہی عوام کی خدمت کرے انشاءاللہ حسب سابق اپنے حلقہ کی عوام کے درمیان موجود رہوں گا۔ ان خیالات کا اظہار سابق آزاد امیدوار برائے ممبر صوبائی اسمبلی و سابق وائس چیئرمین ضلع کونسل سیالکوٹ ملک ضیافت علی اعوان نے یونین کونسل شہنی، یونین کونسل مچھرالہ، یونین کونسل گوندل کے مختلف دیہاتوں گڑھی، گوندل، میانی اعواناں، میانی پٹھاناں، سرہالی، رڈیال اور یونین کونسل مرا کیوال میں اظہار تشکر کے دوران کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں اپنے حلقہ کی عوام کا ممنون ہوں جنہوں نے 2018 سے بڑھ کر 2024 کے انتخابات میں میری حوصلہ افزائی کی اس موقع پر سابق جنرل کونسلر شیخ عمران جاوید، عبدالرحمٰن شیخ، چوہدری رمضان گجر، ملک محمد سہیل، چوہدری تنویر حسین ودیگر بھی انکے ہمراہ تھے۔

## مسلح افراد نے 4 کروڑ روپے تاوان نہ ملنے پر ایک نوجوان کو فائرنگ کر کے موت کی نیند سلا دیا

سرائے عالمگیر) نامہ نگار (مسلح افراد نے 4 کروڑ روپے تاوان نہ ملنے پر ایک نوجوان کو فائرنگ کر کے موت کی نیند سلا دیا محمد نواز ولد خوشی محمد سکنہ امرہ کلاں نے اپنی تحریری درخواست میں ڈنگہ پولیس کو بتایا کہ اس کا بھائی بلال احمد ولد خوشی محمد عمر 32 سال اپنے ساتھیوں امتیاز احمد، بلال احمد عرف اقبال کے ہمراہ کیری ڈبہ خریدنے 22 جنوری کو گئے انکے پاس 2 لاکھ روپے نقد تھے باقی رقم انہوں نے آن لائن منگوانی تھی 9 گھنٹے گزرنے پر وہ تینوں واپس نہ آئے اور انکے موبائل بھی بند ہو گئے دو دن بعد افضال احمد نے میرے بھائی بلال کے موبائل نمبر پر کال کی تو نامعلوم شخص سے بات ہوئی تو اس نے کہا کہ تمہارے تینوں بندے ہمارے پاس گوٹھ رئیس مزاری ضلع کشمور سندھ میں ہیں انکی بازیابی کے لیے 4 کروڑ روپے بھجوا و ورنہ انکو مار دیں گے پھر ان سے بات نہ ہوئی پھر مختلف نمبروں سے ان تینوں کی تشدد زدہ تصاویر آنے لگیں اور میرے بھائی بلال جس کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا اسکی تصاویر بھجوائیں اس پر افضال نے 15 پر کال کی تو ایس ایچ او تھانہ ڈنگہ انسپکٹر مجاہد عباس اپنے عملے کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے بعد ازاں میرے بھائی بلال احمد ولد خوشی محمد عمر 32 سال زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا اس پر ملزمان نے کہا اب آپکا ایک بندہ جاں بحق ہو گیا اس پر اب آپ لوگ 2 کروڑ بھجوائیں ورنہ انکو بھی مار دیا جائے گا ایس ایچ او تھانہ ڈنگہ مجاہد عباس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

## حضرت سیدنا امام حسین کی پیروی ہی اسلام پر عمل پیرا ہونا ہے ناصر عباس قادری ایڈووکیٹ

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے (حضرت سیدنا امام حسین کی پیروی ہی اسلام پر عمل پیرا ہونا ہے ناصر عباس قادری ایڈووکیٹ۔ جشن ولادت سیدنا امام حسین کے کیک کاٹنے کی تقریب میں سید عطا المصطفے شاہ چشتی حافظ محمد الیاس مصطفائی محمد شہزاد نقشبندی و دیگر شامل تفصیلات کے مطابق امام حسن کونسل پاکستان کے مرکزی صدر و گدی نشین دربار عالیہ حضرت پیر محمد یار بھٹی نوشاہی قادری المعروف بابا مالی شاہ سرکار صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام کی پیروی ہی اسلام پر عمل پیرا ہونا ہے حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام دین کی اصل ہیں دین اسلام کی اصلی چہرہ ہیں اور دین اسلام کی بقا ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے امام حسن کونسل پاکستان شاہدرہ ٹاؤن اور مرکزی میلاد کمیٹی شاہدرہ لاہور کے زیر اہتمام نواسہ رسول نور دیدہ حیدر کرار جگر گوشہ بتول آقا و مولا حضرت سیدنا امام حسن علیہ السلام کے برادر اصغر حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت کے موقع پر کیک کٹنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر امام حسن کونسل پاکستان ضلع لاہور کے صدر حافظ محمد الیاس مصطفائی شاہدرہ ٹاؤن کے صدر سید عطا المصطفے شاہ چشتی مولانا محمد شہزاد نقشبندی مولانا حافظ وقاص رضوی ملک خدا بخش عاجز ریاض احمد حافظ محمد عثمان و دیگر شامل تھے تقریب میں علما کرام مشائخ عظام اور کارکنان امام حسن کونسل پاکستان شاہدرہ ٹاؤن لاہور کی کثیر تعداد نے شرکت کی

## حلقہ این اے 62 اور حلقہ پی پی 28 سے پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ امیدواران کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری

سرائے عالمگیر) نامہ نگار (حلقہ این اے 62 اور حلقہ پی پی 28 سے پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ امیدواران کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری حلقہ این اے 62 کے ریٹرننگ آفیسر چوہدری محمد اکمل حلقہ پی پی 28 کے ریٹرننگ آفیسر عمیر دلدار نے حلقہ این اے 62 اور حلقہ پی پی 28 پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدواران چوہدری محمد الیاس اور چوہدری شاہد رضا کوٹلہ کی کامیابی کے نوٹیفکیشن جاری کر دیے یاد رہے کہ 2024 کے عام انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف کو قومی اسمبلی کی ایک نشست ملی ہے جبکہ 2018 کے عام انتخابات میں بھی پاکستان تحریک انصاف کو قومی اسمبلی کی ایک نشست ملی تھی

## سی ای او ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی گوجرانوالہ نے سیکرٹری ہیلتھ پنجاب کے آرڈر ہوا میں اڑا دیے

چیف ایگزیکٹو آفیسر
ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے (سیکرٹری ہیلتھ پنجاب کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے، گوجرانوالہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی ملی بھگت سے ضلع گوجرانوالہ کے کمپیوٹر آپریٹرز کی عارضی تعیناتی تاحال منسوخ نہ ہو سکی، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی گوجرانوالہ نے سیکرٹری ہیلتھ پنجاب کے آرڈر ہوا میں اڑا دیے، تفصیلات کے مطابق ہیں سے زائد کمپیوٹر آپریٹرز نے سیکرٹری ہیلتھ کے احکامات کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہوئے لکھشی کی چیک سے عارضی ڈیوٹی لگوا کر ڈی سی آفس اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں گھسے ہوئے ہیں اور ماہانہ تنخواہ اور ہیلتھ سیکٹر کی مد میں کروڑوں روپے حکومت پنجاب کے خزانہ کو چونا لگا رہے ہیں، جبکہ سیکرٹری ہیلتھ نے تمام سی ای اوز ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کو کمپیوٹر آپریٹرز کی عارضی ڈیوٹی فوری کینسل کر کے انہیں انکی جائے تعیناتی پر بھجوانے کے احکامات جاری کیے تھے، عوامی سماجی حلقوں نے وزیر اعلٰی پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، سیکرٹری ہیلتھ پنجاب، ڈی جی ہیلتھ پنجاب اور کمشنر و ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ سے کمپیوٹر آپریٹرز کو فوری انکی جائے تعیناتی پر بھجوانے اور ہیلتھ سیکٹر کی مد میں لوٹے گئے کروڑوں روپے کی ریکوری بھی کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔

## قصور غلط نصب کیے گئے ٹرانسفارمر میں آتش زدگی سے ہونے والے نقصان کا ازالہ کیا جائے

قصور) ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس سے) قصور غلط نصب کیے گئے ٹرانسفارمر میں آتش زدگی سے ہونے والے نقصان کا ازالہ کیا جائے۔ انفراشیئر کا پرائیویٹ ٹھیکیدار محمد نعمان اس مالی نقصان کا ذمہ دار ہے، اگر نقصان کا ازالہ نہ کیا گیا تو غیر معینہ ہڑتال کریں گے۔ انجمن تاجران چوک للیانی اڈا قصور کے صدر لالہ محمد صادق گجر نے لیسکو واپڈا کے اعلیٰ حکام اور دیگر ذمہ داران کو دی جانے والی درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ مورخہ 10 فروری 2024 کو جھولے لعل شاہ کارنر گیٹ کوٹ بدر دین خان قصور کے اوپر لگے ٹرانسفارمر میں زبردست دھما کہ ہوا اور آگ لگ گئی اور قریبی دکانوں کا بھی بھاری نقصان ہوا۔ جبکہ ہم نے الزام علیہان Enfrashare محمد نعمان پرائیویٹ ٹھیکیدار لگائے جانے ٹرانسفارمر وغیرہ اور سیکورٹی انچارج میجر اشفاق کو قبل ازیں بھی آگاہ کیا تھا لیکن انہوں نے ہماری ایک نہ سنی، صرف ہمیں تسلیاں دیتے ہوئے چلے گئے۔ چونکہ یہاں پر نصب شدہ ٹرانسفارمر بالکل غلط نصب کیا گیا تھا چونکہ محمد نعمان جو کہ ٹھیکیدار ہونے کے ناطے تمام تر کاموں کو نظر انداز کر کے محکمہ والوں سے چیک وصول کر کے ٹاور وغیرہ بھی لگا دیتا ہے۔ تمام تر ذمہ داری محمد نعمان ٹھیکیدار پر عائد ہوتی ہے جس نے ایک عدد ٹاور طاہر سویٹس پر لگا رکھا ہے جس کی غفلت سے انتہائی نقصان دیکھنے کو ملا ہے اگر محکمہ والوں نے تمام نقصانات ادا نہ کیے تو ہم دکاندار غیر معینہ مدت تک ہڑتال کریں گے جبکہ لیسکو حکام نے الزامات کی سختی سے تردید کی ہے

### بعدالت جناب صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 3619 وراثت موضع میانوالی کے تحت سائل کا والد چوہدری محمد صادق ولد چوہدری نور عالم کا فوت ہونا مورخہ /درج ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں محمد عدنان صادق، ارسلان صادق پسران روبی صادق، کائنات صادق، انتیا صادق، غزل صادق دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

### بعدالت جناب صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 1193 وراثت موضع مرزا گورائیہ کے تحت متوفیہ فاطمہ بی بی کا فوت ہونا مورخہ /درج ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں محمد اشرف، نذیر حسین، شوکت علی پسران دلاور حسین، بابر طالب، خاور حسین، حسنین طاہر پوتے عصمت بانو، رابعیہ طالب پوتیاں بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

### بعدالت جناب صاحب ڈسکہ

اشتہار بنام مساۃ حسن آرا تبسم دختر نور حسین قوم جٹ حال مقیم گرمولاں ورکاں تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 21-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

---

### بعدالت جناب سہیل انور خان
### نیازی صاحب نائب تحصیلدار
### تاندلیانوالہ

شجرہ نسب چک نمبر 410 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے جس میں حدیث بی بی متوفیہ حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہو چکی ہے جس کے حقیقی وارثان اللہ دتہ خاوند بعد فوت، رائے محمود الحسن پسر زندہ، نازیہ پروین، فوزیہ پروین، شازیہ پروین دختران زندہ اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہو تو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیر دستخطی کے در بروہمراہ ثبوت پیش ہوں وگرنہ تصدیق شجرہ نسب کر دی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

---

### ۔اطلاع برائے عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد نمبری M-3S-34/RH واقع اندرون حدود مصطفےٰ آباد تحصیل وضلع قصور ھے ۔ یک قطع مکان رقبہ تعدادی 8- مرلے جو کہ ریکارڈ PTI میں مالک محمد رمضان ولد قاسم علی کے نام سب آفس مصطفیٰ آباد میں درج ھے ۔اب خورشید بی بی کے حصہ کی جائیداد تعدادی ایک مرلہ اس نے بروئے اقرار نامہ معاہدہ بیع محمد شہزاد ولد محمد حنیف قوم بھُڈ کو فروخت کر دی ھے ۔ جائیداد مذکورہ کی نسبت کوئی قانونی چارہ جوئی یا کوئی تنازعہ یا زیر بار نہ ھے ۔ محمد شہزاد نے ریکارڈ PTI میں اپنے نام کے اندراج کی غرض سے دفتر زیر دستخطی میں درخواست گذاری ھے ۔لہذا اس کے نام منتقلی پر کسی فریق۔ عوام الناس کسی بنک یا ادارہ ۔یا کوئی دیگر وارث ہو تو معہ ثبوت کیساتھ سات یوم کے اندر۔ اندر اپنا عذر واعتراض حاضر ہو کر داخل کرے ۔ بعد ازیں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر: ڈسٹرکٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر) پراپرٹیز (اسسٹنگ اتھارٹی نزد تیل قتل گڑھی قصور

---

### ۔اطلاع برائے عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد نمبری GL-2R-2/1/SH واقع اندرون حدود مصطفےٰ آباد تحصیل وضلع قصور ھے ۔ یک قطع مکان و دو دکانات جو کہ ریکارڈ PTI میں مالکان نوید احمد۔ محمد ارشد۔ نذیراں بی بی اور خورشید بی بی کے نام سب آفس مصطفیٰ آباد میں درج ھے ۔ اب خورشید بی بی کے حصہ کی جائیداد تعدادی ایک مرلہ اس نے بروئے اقرار نامہ ھبہ اپنے پسر حقیقی محمد سلیم ولد نذیر احمد کو دے دی ھے ۔ جائیداد مذکورہ کی نسبت کوئی قانونی چارہ جوئی یا کوئی تنازعہ یا زیر بار نہ ھے ۔ محمد سلیم نے ریکارڈ PTI میں اپنے نام کے اندراج کی غرض سے دفتر زیر دستخطی میں درخواست گذاری ھے ۔لہذا اس کے نام منتقلی پر کسی فریق۔ عوام الناس کسی بنک یا ادارہ ۔یا کوئی دیگر وارث ہو تو معہ ثبوت کیساتھ سات یوم کے اندر۔ اندر اپنا عذر واعتراض حاضر ہو کر داخل کرے ۔ بعد ازیں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر: ڈسٹرکٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر) پراپرٹیز (اسسٹنگ اتھارٹی نزد تیل قتل گڑھی قصور......

---

### بعدالت جناب چوہدری محمد اکرم
### صاحب نائب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان مقدمہ: غلام قاسم وغیرہ بنام سرفراز حسین وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 29 موضع بیلہ سربانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ۔ اخبار اشتہار بنام سرفراز حسین ولد امیر۔ خادم حسین پسرستاں مائی۔ بشیر احمد ولد محمد امیر، بشیر احمد ولد امیر۔ سرفراز ولد محمد امیر۔ عون رضا ولد اظہر عباس ۔صابر علی پسرستاں مائی ۔ممتاز ولد پہلوان ،ساجد علی ،اختر علی پسران ستاں مائی ۔ذوالفقار علی ولد محمد امیر۔ ذوالفقار علی ولد امیر۔ علی رضا اظہر ولد اظہر عباس جملہ اقوام سیال سربانہ سکنائے موضع بیلہ سربانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 19.02.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

---

### بعدالت چوہدری محمد اکرم
### صاحب نائب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع کوٹ لعل تحصیل شورکوٹ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفیہ) رضیہ سلطانہ دختر فضل کریم کے وارثان فضل کریم ،بی بی مائی والدین پہلے فوت شد۔ مقبول الٰہی خاوند پہلے فوت شد۔ فضل الٰہی ، احسان الٰہی پسران پہلے لاولد فوت شد۔ ثناء اللہ پسر زندہ ظاہر کیے گئے ہیں ۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

---

### بعدالت جناب احمد سعید صائم
### صاحب سول جج جھنگ

عنوان مقدمہ: اسد علی وغیرہ بنام چیف آفیسر میونسپل کمیٹی۔ دعویٰ استقرار حق۔ اخبار اشتہار بنام چیف آفیسر میونسپل کمیٹی جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 17.02.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

---

### بعدالت جناب ارم یوسف صاحبہ
### سول جج فیملی کورٹ اوکاڑا

دعویٰ تنسیخ نکاح ودلا پانے سامان جہیز وغیرہ

عنوان: حفصہ حیدر بنام قاری عبدالمالک

اشتہار بنام: قاری عبدالمالک ولد قاری عبدالرزاق قوم راجپوت سکنہ 427/ گ ب تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 27.02.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

---

### بعدالت جناب میاں محمد امجد
### صاحب نائب تحصیلدار / ریونیو
### آفیسر موضع کھڈیاں تحصیل قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی محمد رمضان ولد برکت علی کا انتقال وراثت واقع موضع کھگرانوالہ تحصیل وضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ بحق والد برکت علی۔ والدہ عائشہ بی بی دونوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ جبکہ ارشاد بی بی بیوہ) زندہ (۔ سرفراز احمد۔ اعجاز احمد۔ فیاض احمد پسران متوفی زندہ۔ مریم صباء دختر متوفی زندہ ہیں۔ انکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ گا۔

---

### بعدالت جناب محمد نواز سربانہ
### صاحب نائب تحصیلدار جھنگ

عنوان مقدمہ: جہانگیر خان وغیرہ بنام محمد مشتاق وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 588/564 موضع حسن خان تحصیل وضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام محمد مشتاق، عبدالرزاق ، محمد اسحاق، محمد الطاف پسران غلام رسول اقوام ارائیں سکنائے حسن خان تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں مسئول علیہم حاضر عدالت ہو کر اپنا موقف پیش کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

---

### بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ
### سول جج سیالکوٹ

مرمہ دعویٰ تقسیم جائیداد

عنوان مساۃ ملیحہ مقصود وغیرہ بنام شیخ سہیل انور وغیرہ

اشتہار بنام 1 شیخ سہیل انور 2 مساۃ تسنیم سعید زوجہ شیخ سعید 3 مساۃ تعظیم اجمل دختران وپسر شیخ انور علی ذات شیخ ساکنان محلہ پورن نگر شہر سیالکوٹ بالائی منزل شیروانی ہاؤس انور سٹریٹ کچہری روڈ سیالکوٹ 5 ظہیر احمد 6 محمد آصف عرف محمد اصغر ولد محمد اقبال (فوت شد) بذریعہ وارثان بازگشت 6A محمد ارشد 6B محمد وسیم 6C محمد عمران (پسران) 6D شاہ جہاں اصغر 6E افشاں اصغر 6F آسیہ اصغر 6G حرا اصغر 6H زینب اصغر (دختران) 6I ممتاز بیگم (بیوہ محمد اصغر) وارڈ نمبر 6 مکان نمبر 10/79 سیالکوٹ کینٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 24-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

---

### بعدالت جناب سرفراز خاں
### صاحب فاضل سول جج شیخوپورہ

محمد یونس بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

سعید احمد ،نواز شریف پسران عارف حسین اقوام ورک ساکنان آنبہ تحصیل وضلع شیخوپورہ

دعویٰ استقرار حق ومنسوخی دستاویزات معہ حکم امتناعی دائمی

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 06-02-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ۔بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد ازیں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

---

### بعدالت جناب محترم محمد اطہر
### افضل صاحب سول جج درجہ اول
### چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ ثوبیہ حبیب دختر حبیب اللہ بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو واپڈا 22/A کوئنز روڈ لاہور، ڈپٹی منیجر اپریشن لیسکو واپڈا ڈویژن چونیاں، آر۔او۔ واپڈا لیسکو واپڈا چونیاں، اسسٹنٹ منیجر واپڈا لیسکو سب ڈویژن چونیاں ویسٹ تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 05-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

---

### بعدالت جناب محترم محمد اطہر
### افضل صاحب سول جج درجہ اول
### چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد حنیف وغیرہ بنام احمد رضا وغیرہ اشتہار بنام احمد رضا ولد محمد شفیق قوم کمبوہ ساکن کوٹ امام دین مشمولہ کنگن پور تحصیل چونیاں ضلع قصور (بقیہ مدعا علیہ) ہرگاہ بقیہ مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 26-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

---

### بعدالت تحصیلدار صاحب
### / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل
### جھنگ

اشتہار بابت تصدیق وارثان بازگشت (متوفیہ) مقبول بی بی پراپرٹی نمبر 730/B-XII واقع موضع مگھیانہ چک آبادی ۔مساۃ مقبول بی بی جو کہ وفات پا چکی ہے جس کے وارثان بازگشت میں محمد امتیاز پسر، مساۃ کلثوم بی بی دختر مقبول بی بی میرے روبرو بغرض تصدیق شجرہ پراپرٹی مذکور پیش ہوا ہے۔ وارثان بازگشت کے علاوہ اگر کوئی وارث پراپرٹی مذکور میں بنتا ہے تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو پیش ہوکر اپنا عذر / اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کر سکتا ہے بعد گزرنے میعاد کوئی عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ عدم حاضری کی صورت میں شجرہ متوفیہ مقبول بی بی تصدیق کر دیا جائیگا۔

---

### بعدالت جناب فاضل سول جج
### میڈم صائقہ یونس صاحبہ
### بااختیارات فیملی کورٹ شیخوپورہ

کبریٰ بنام بابر علی

بابر علی ولد محمد عباس ساکن ٹھٹھ تارڑاں چک نمبر 578 تحصیل وضلع شیخوپورہ

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 27-01-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ۔بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد ازیں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

---

### اشتہار نیلامی درختان

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 05-03-2024 بروز منگل بوقت 1 بجے دن کو دفتر سینئر سول جج صاحب (سول ڈویژن) منڈی بہاؤالدین میں 5 عدد درختان از قسم سرس (1)، السٹونیا (1)، پیپل (1)، سمبل (2) کی نیلامی کی جارہی ہے۔ خواہشمند حضرات دفتری اوقات میں رابطہ نمبر 0546-503188 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ درخت جہاں ہیں جیسے ہیں کی بنیاد پر نیلام کیے جائیں گے۔ شرائط نیلام موقع پر پڑھ کر سنائی جائیں گی۔

المشتہر: برکت علی صاحب سینئر سول جج (سول ڈویژن) منڈی بہاؤالدین

# انتخابی نتائج میں مبینہ دھاندلی، جماعت اسلامی کا آج یوم سیاہ منانے کا اعلان

## یہ پاکستان کے خلاف سازش ہے، ہم اس رزلٹ اور جعل سازی کو نہیں مانتے' متحدہ والے بینرز پر نجانے کس کا شکریہ ادا کر رہے ہیں' حافظ نعیم الرحمان

## عوام نے جن لوگوں کو مسترد کر دیا تھا، کراچی میں ایک مرتبہ پھر ان کو مسلط کروا دیا گیا ہے، ایم کیو ایم نے دھونس دھمکی سے ووٹ لیے' پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) انتخابی نتائج میں مبینہ دھاندلی کے خلاف جماعت اسلامی نے (آج) جمعہ کو یوم سیاہ منانے کا اعلان کر دیا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہم عدالت بھی گئے، یہ پاکستان کے خلاف سازش ہے، ہم اس رزلٹ اور جعل سازی کو نہیں مانتے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان والے بینرز پر نجانے کس کا شکریہ ادا کر رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی کراچی نے (بقیہ نمبر20)

لاہور، وزیر صحت پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم محمد عاطف بن اکرم کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

## ن لیگ تاجروں صنعتکاروں کو بحران زدہ حالات سے باہر نکالے' عابد علی

### مینوفیکچرر امپورٹرز ایکسپورٹرز کو ریلیف دے کر ملکی معیشت کی ڈوبتی ناؤ بچائی جائے

لاہور (سٹی رپورٹر) قومی تاجر اتحاد لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ عابد علی نے کہا ہے مسلم لیگ ن حکومت میں آ کر تاجروں صنعتکاروں کو بحران زدہ حالات سے باہر نکالے۔ مینوفیکچرر امپورٹرز ایکسپورٹرز کو ریلیف دے کر ملکی معیشت کی ڈوبتی ناؤ بچائی جائے۔ بجلی گیس کی قیمتوں میں کمی کی جائے ٹیکسوں کا آسان اور کاروباری حجم کے مطابق سسٹم تشکیل دیا جائے۔ تاجر دوست (بقیہ نمبر 21)

## ن لیگ نے تاجر صنعتکار کو ہر دور میں ریلیف دیا' اظہر سلطان

### اُمید کرتے ہیں اس بار بھی تاجر برادری اور صنعتی حلقوں کو سبسڈیز دی جائیں گی

لاہور (سٹی رپورٹر) صدر لاہور ٹریڈرز رائٹس فورم سردار اظہر سلطان نے کہا ہے مسلم لیگ ن کا ماضی تاجر برادری کے حوالے سے مثالی شہرت کا حامل ہے۔ مسلم لیگ ن نے تاجر صنعتکار کو ہر دور میں ریلیف دیا امید کرتے ہیں اس بار بھی تاجر برادری اور صنعتی حلقوں کو سبسڈیز دی جائیں گی۔ ملکی معیشت کو گھمبیر صورتحال سے نکال کر ترقی وخوشحالی کی شاہراہ پر گامزن کیا جائے گا۔ ملکی معیشت کی ترقی کی راہیں کھلیں (بقیہ نمبر22)

## اولین ترجیح دکھی غمزدہ بے آسرا انسانوں کی خدمت ہے' وقار احمد

### فری ڈسپنسری ادویات اور ٹیسٹوں میں بھی ہماری ہر ممکن معاونت و مدد کرنے کا سلسلہ جاری ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) خدمت میں عظمت ٹرسٹ کے چیئرمین وقار احمد میاں نے کہا ہے ہماری اولین ترجیح دکھی غمزدہ بے آسرا انسانوں کی خدمت ہے۔ غریب اور مستحق خاندانوں کی ماہانہ مدد مریضوں کی علاج میں معاونت غریب بچیوں کی شادیوں میں مدد کر رہے ہیں۔ فری ڈسپنسری ادویات اور ٹیسٹوں میں بھی ہماری ہر ممکن معاونت و مدد کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ خدمت میں عظمت ٹرسٹ کا (بقیہ نمبر23)

## فیصل آباد، دہشتگردی کے مقدمہ میں ملوث گرفتار ملزم فرار، 4 پولیس اہلکار معطل

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد پولیس کی زیرحراست دہشتگردی کے مقدمہ میں ملوث گرفتار ملزم فرار ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کھڑیانوالہ پولیس کی زیرحراست دہشتگردی کے مقدمہ میں ملوث گرفتار ملزم امانت ولد چراغ فرار ہوگیا۔ تھانہ کھڑیانوالہ پولیس عدالت کے حکم پر ملزم کو جیل چھوڑنے کی بجائے راہداری پر واپس تھانہ لا رہی تھی کہ ملزم کینال روڈ پائیاں والا پل کے قریب گاڑی سے چھلانگ لگا کر مبینہ طور پر فرار ہوگیا۔ سٹی پولیس آفیسر کیپٹن (ر) علی ضیا نے نوٹس لیتے ہوئے غفلت کے (بقیہ نمبر 18)

## پی ایس 105 سے جی ڈی اے کے امیدوار کا نتائج کیخلاف درخواست دائر کر دی

کراچی (این این آئی) جی ڈی اے کے امیدوار عرفان اللہ مروت نے صوبائی اسمبلی کے حلقے پی ایس 105 کے چار پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کرانے کے لئے سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی۔ دائر درخواست میں عرفان اللہ مروت نے موقف اپنایا کہ چاروں پولنگ اسٹیشن پر 90 فیصد سے زائد ووٹ کاسٹ کئے گئے ہیں۔ ایسا ممکن نہیں ہے کہ نوے فیصد ووٹ کاسٹ کئے جائیں۔ ہم نے الیکشن سے قبل آر اوز اور ڈی آر اوز کو ان پولنگ اسٹیشن پر ممکنہ دھاندلی سے آگاہ کیا تھا۔ یہ الیکشن رولز میں (بقیہ نمبر17)

## کراچی: سہراب گوٹھ میں نامعلوم افراد کی ایمبولینس پر فائرنگ، 2 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ میں نامعلوم افراد نے ایمبولینس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق گولی لگنے سے زخمی ہونے والوں میں ایمبولینس کا ڈرائیور بھی شامل ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق فائرنگ سے زخمی ہونے والا ایمبولینس ڈرائیور مریض کو چھوڑ کر واپس جا رہا تھا، زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

لاہور، سجادہ نشین دربار بابا عرفانیؒ اور ممبر اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر مخدوم سید محمد حبیب عرفانی عرق گلاب سے مزار مبارک کو غسل دیکر تقریبات کا آغاز کر رہے ہیں

# پاکستان کو اجتماعی فیصلہ سازی کی ضرورت ہے، قمر زمان کائرہ

## (ن) لیگ کو حکومت سازی کے لئے مینڈیٹ دیدیا، پیپلز پارٹی نے وزارتیں نہیں لینی، پارلیمان اور اسمبلی کے عہدوں کیلئے امیدوار کھڑے کریں گے

## پی ٹی آئی کے ساتھ بھی مل کر چلتے مگر وہ راستہ بانی پی ٹی آئی نے بند کر دیا' مولانا فضل الرحمان کی ناراضی آصف زرداری سے نہیں بنتی، سینئر پی پی رہنماء

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و سابق وزیر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ پاکستان کو اجتماعی فیصلہ سازی کی ضرورت ہے۔ اپنے ایک بیان میں سابق وزیر قمر زمان کائرہ کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے (ن) لیگ کو حکومت سازی کے لئے مینڈیٹ دیدیا ہے، پیپلز پارٹی نے وزارتیں نہیں لینی، پارلیمان اور اسمبلی کے عہدوں کے لئے امیدوار کھڑے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ بھی مل کر چلتے لیکن وہ راستہ بانی (بقیہ نمبر13)

لاہور، طالبعلم سکول سے چھٹی کے بعد رکشے میں ڈرائیور کے ساتھ آگے بیٹھ کر سفر کر رہا ہے

## فلسطین ایشو پر عالمی ادارے بے بس نظر آ رہے ہیں' قاری اعظم حسین

### غزہ انسانیت سوز مظالم پر دنیا نے آنکھیں بند کر رکھی ہیں آخر کب تک فلسطین میں آگ برستی رہے گی

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ فلسطین ایشو پر عالمی ادارے بے بس نظر آ رہے ہیں، غزہ انسانیت سوز مظالم پر دنیا نے آنکھیں بند کر رکھی ہیں آخر کب تک فلسطین میں آگ برستی رہے گی، اسرائیل نے ظلم کی انتہا کر دی مسلم حکمران غزہ میں جنگ بندی یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات کریں۔ اپنے جاری بیان میں (بقیہ نمبر 24)

## مناسک عمرہ کی ادائیگی، اردو سمیت 3 زبانوں میں اینیمیشن فلم

### عمرہ زائرین اور عازمین حج کی بہتر خدمات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، فلاحی سوسائٹی

مکہ مکرمہ (این این آئی) مکہ مکرمہ کی فلاحی ودعوتی سوسائٹی اجیاد نے غیرملکی کمیونٹی کی معلومات میں اضافے کے لیے درست طریقے سے عمرہ کی ادائیگی کے تھری ڈی ٹیکنالوجی کے ذریعے اینیمیشن فلم تیار کی ہے۔ سعودی خبر رساں ایجنسی کے مطابق تیار کی جانے والی فلم اردو، انگلش اور فرانسیسی میں ہے جس کے ذریعے مناسک عمرہ کی ادائیگی کے درست اور مسنون طریقوں کی وضاحت کی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 25)

## برطانیہ بیاہ کر لائی پاکستانی لڑکی پر تشدد، سسرالیوں کو سزا

### عنبرین سے نامناسب سلوک پر خاندان کے افراد کو قید کی سزا سنا دی گئی

لندن (این این آئی) برطانیہ میں پاکستان سے بیاہ کر لائی گئی عنبرین فاطمہ سے نامناسب سلوک کرنے والے خاندان کے افراد کو قید کی سزا سنا دی گئی۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق لیڈز کراؤن کورٹ نے بیوی کو زہریلا مواد پلانے والے شوہر اصغر شیخ کو ان کے والد خالد شیخ اور والدہ شبنم شیخ کے ساتھ 7 سال 9 ماہ کیلئے جیل بھیج دیا۔ تینوں افراد کو گزشتہ برس عنبرین فاطمہ نامی لڑکی کو جسمانی نقصان پہنچانے (بقیہ نمبر26)

## الحمراء میں علی زریون کے ساتھ پُروقار شام جذبات واحساسات کا اظہار بن گئی

لاہور (این این آئی) لاہور آرٹس الحمراء کے زیر اہتمام نامور شاعر علی زریون کے ساتھ پُروقار شام جذبات و احساسات کا اظہار بن گئی۔ ہال میں موجود نوجوان شاعر شرکاء کی بطور مہمان اسٹیج پر عزت افزائی کی گئی جنہوں نے بھی اپنے اپنے شعر سنا کر داد سمیٹی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء طارق محمود چوہدری نے اس حوالے سے اپنے تاثرات میں کہا کہ شاعری ادب کی اہم صنف اور اپنے دور کے احوال کا عکاس ہوتی ہے، زبان وادب کو پھلنے پھولنے کے لئے خاطر خواہ اقدامات کر رہے ہیں۔ مشہور و معروف (بقیہ نمبر12)

## پنجاب پولیس کے شاندار پیشہ وارانہ تعاون پر نارویجن پولیس کا تعریفی خط

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے شاندار پیشہ وارانہ تعاون پر نارویجن پولیس کی جانب سے تعریفی خط بھجوایا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق رائل نارویجن ایمبیسی کی طرف سے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کو تعریفی خط بھیجا گیا، نارڈک پولیس رابطہ افسر پر مارٹن بجرٹن نے خط میں آئی جی پنجاب اور گجرات پولیس کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ پر مارٹن بجرٹن نے خط میں کہا کہ گجرات میں پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران پنجاب پولیس نے نارویجن پولیس افسران کو بہترین تعاون فراہم کیا

## بہاولنگر، لاری اڈا کے قریب نوجوان پل سے گزرتے ہوئے نہر میں گر کر جاں بحق

بہاولنگر (این این آئی) لاری اڈا کے قریب نوجوان پل سے گزرتے ہوئے گہری نہر فورڈ واہ میں گر گیا، نوجوان کی گرتے ہی موت واقع ہوگئی واقع کے مطابق پانی نا ہونے سے نوجوان کا سر نہر میں پڑے پتھروں سے جا ٹکرایا ریسکیو ذرائع کے مطابق نوجوان کی موت سر میں شدید اور گہری چوٹ لگنے سے ہوئی، جاں بحق نوجوان کی شناخت اشرف وٹو کے نام سے ہوئی ہے۔

لاہور، وزیر صحت پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم امیر الدین میڈیکل کالج میں وائٹ کوٹ تقریب کے دوران کیک کاٹ رہے ہیں

## ٹیکسوں کے اضافہ سے سگریٹ کی کھپت میں نمایاں کمی آئی، رپورٹ

### 94 تمباکو نوشی کرنے والے افراد میں سے ایک نے سگریٹ نوشی ترک کر دی

لاہور (این این آئی) حکومت پاکستان کے صحت عامہ اور محصولات بڑھانے کیلئے سگریٹس پر ٹیکسوں کے اضافہ کے جرأت مندانہ اقدام سے ملک میں سگریٹ کی کھپت میں نمایاں کمی آئی ہے۔ تھنک ٹینک ''کیپٹل کالنگ'' کی ایک تحقیقی رپورٹ میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ سگریٹ کی قیمتوں میں اضافہ کے بعد ہر 94 تمباکو نوشی کرنے والے افراد میں سے ایک نے سگریٹ نوشی ترک کر دی ہے۔ تھنک ٹینک کے نتائج کی توثیق کرتے ہوئے قائم وسیلہ فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ڈاکٹر امان خان نے کہا کہ حکومت کا ٹیکسوں میں اضافہ کا فیصلہ صحت عامہ کے خدشات اور محصولات کے خسارے دونوں کو حل کرنے کی حکمت عملی کے طور پر سامنے آیا ہے، تمباکو مخالف اور صحت کے متعدد کارکنوں کی مسلسل لابنگ کے بعد حکومت (بقیہ نمبر19)

## پاکستان کو سرمایہ کاری اور ویلیو ایڈیشن کی ضرورت ہے' خرم طارق

### اوورسیز پاکستانیز غیر ملکی ترسیلات زر کے ذریعے قومی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

فیصل آباد (این این آئی) بیرون ملک مقیم پاکستانی غیر ملکی ترسیلات زر کے ذریعہ قومی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تاہم اب انہیں وطن عزیز میں براہ راست سرمایہ کاری پر بھی توجہ دینی چاہیے۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ڈاکٹر خرم طارق نے ایک ملاقات کے دوران کہا کہ پائیدار معاشی ترقی کیلئے براہ راست سرمایہ کاری کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرمنی، برطانیہ، کینیڈا، آسٹریلیا، یو اے ای سمیت دوسرے ترقی یافتہ ممالک میں مقیم لاکھوں پاکستانیوں کو وطن عزیز سے محبت کے عملی اظہار کیلئے از خود سرمایہ کاری کی نئی راہیں تلاش کرنا ہوں گی

لاہور بار ایسوسی ایشن کے صدر منیر حسین بھٹی اپنے مطالبہ کے مطالبات کے میں مظاہرہ کر رہے ہیں

## ہم معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے' میاں اختر علی

### ایمانداری سے کام کرتے، خوف خدا رکھ کر اپنے پیشہ وارانہ امور سرانجام دیتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) سی ای او لائف سٹائل انٹرنیشنل میاں اختر علی نے کہا ہے کہ ہمارے برانڈ کے شربت بادام، شہد، اسپغول، روز واٹر، کو اتنی مقبولیت حاصل ہے کہ اسے ایک بار استعمال کر لینے کے بعد صارف کسی دوسرے برانڈ کے نزدیک نہیں جا سکتا۔ ہم کوالٹی اور کوانٹیٹی کو مینٹین رکھتے ہیں۔ ہماری تمام پراڈکٹس ٹرانسپرنٹ جار اور پیکنگ میں ملیں گی۔ جسے صارف کھولے بغیر باہر سے دیکھ سکتا ہے اندر موجود شے کا معیار یا مقدار کیا ہے۔ ہم ایمانداری سے کام کرتے ہیں خوف خدا رکھ کر اپنے پیشہ وارانہ امور سرانجام دیتے ہیں۔ ہمارے برانڈ کی مقبولیت اللہ کی رحمت والدین کی دعاؤں کے بعد ہماری کمپنی کی ایمانداری، کارکردگی اور معیار پر کوئی بھی سمجھوتہ نہ کرنے کی بدولت ہے۔

## نئی آنیوالی حکومت مہنگائی ختم اور ٹیکسوں میں کمی کرے' صفدر حسین

### ہماری کمپنی کیبلز اینڈ وائرز صارفین کو معیار میں جدت کی بلندیوں پر لیکر جانے کیلئے کوشاں ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو کارگٹ کیبلز اینڈ وائرز میاں صفدر حسین نے کہا ہے کہ کارگٹ کیبلز اینڈ وائرز ایک معیار اور پائیداری کا نام ہے۔ کروڑوں اربوں روپے کے پراجیکٹس میں وائرز اینڈ کیبلز سب سے اہم ترین جزو ہے۔ ہماری کمپنی کیبلز اینڈ وائرز صارفین کو معیار میں جدت کی بلندیوں پر لے کر جانے کیلئے کوشاں ہے۔ ہماری کاوشیں ہیں پاکستان میں انٹرنیشنل معیار کی کیبل کی اندرون (بقیہ نمبر 16)

## شعبہ توانائی میں سالانہ بنیادوں پر 433.5 ملین ڈالر کی غیر ملکی سرمایہ کاری

### چار سالوں میں شعبے میں مجموعی طور پر 3037.5 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ریکارڈ

لاہور (این این آئی) ملک میں توانائی کے شعبے میں رواں مالی سال کے پہلے 6 ماہ کے دوران 433.5 ملین ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کی گئی۔ سرمایہ کاری بورڈ کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2023-24 کے پہلے 6 ماہ کے دوران ملک میں توانائی کے شعبے میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 433.5 ملین ڈالر ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 4 (بقیہ نمبر15)

## ملکی سلامتی، بقا کیلئے تمام طبقات کو آگے آنا چاہئے' متحدہ علما کونسل

### ملکی سلامتی، بقا کیلئے تمام طبقات کو آگے آنا چاہئے' متحدہ علما کونسل

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستانی سلامتی اور بقا کیلئے تمام طبقات کو آگے آنا چاہئے، کچھ مہنگائی حکمرانوں کی طرف سے ہے اور باقی مافیاز نے (بقیہ نمبر14)

## الیکشن میں من پسند اُمیدواروں کو سلیکٹ کیا گیا' جے یو آئی

### مقتدر حلقوں نے موجودہ انتخابات میں 2018 سے کہیں زیادہ دھاندلی کر کے نئی تاریخ کر دی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ الیکشن میں من پسند امیدواروں کو سلیکٹ کیا گیا، جمعیت علما اسلام کا مینڈیٹ چوری کرنے والے اور چوری کرانے والے سب قوم کے مجرم ہیں، مقتدر حلقوں نے موجودہ انتخابات میں 2018 سے کہیں زیادہ دھاندلی کر کے نئی تاریخ کر دی ہے۔

## احتجاج کے دوران کوشش کریں گے سڑکیں بلاک نہ ہوں، تیمور جھگڑا

### چند افسران کے غلط کاموں کی وجہ سے شہریوں کو تکلیف نہیں ہونی چاہیے

### 9 سیٹوں پر ہونیوالے حساب و کتاب کی غلطی کو درست کریں' پی ٹی آئی رہنماء

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما تیمور خان جھگڑا نے کہا ہے کہ جماعت کے کارکنان یہ یقینی بنانے کی کوشش کریں گے کہ پشاور میں احتجاج کے دوران سڑکیں بلاک نہ ہوں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ چند افسران کے غلط کاموں کی وجہ سے شہریوں کو تکلیف نہیں ہونی چاہیے۔ چیف سیکرٹری اور مقامی انتظامیہ کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ان کی ذمہ داری تھی کہ پشاور میں 9 سیٹوں پر ہونے والے حساب و کتاب کی غلطی کو درست کریں اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کریں۔

لاہور آرٹس کونسل الحمراء کے زیر اہتمام نامور شاعر علی زریون کے ساتھ منعقدہ شام میں شاعر اپنا کلام سنا رہے ہیں

## زیر تفتیش مقدمات جلد نمٹائے جائیں' بلال صدیق کمیانہ

### سی سی پی او کی غیر تسلی بخش کارکردگی کے حامل افسران کی سرزنش، پرفارمنس بہتر کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت ماڈل ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں امن وامان کی مجموعی صورتحال سمیت پیشہ ورانہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او نے غیر تسلی بخش کارکردگی کے حامل افسران کی سرزنش کی اور انہیں پرفارمنس بہتر کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ڈویژنل ایس پیز کو ماتحت افسران کی بہتر کارکردگی پر توجہ دینے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ہم نے عوام کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کا حلف اٹھایا ہے۔

## فوڈ سیفٹی ٹیموں کی ڈیفنس روڈ پر 11 فوڈ پوائنٹس، یونٹس کی چیکنگ کی

### 1 اچار یونٹ بند، 6 پوائنٹس کو 2 لاکھ 15 ہزار کے جرمانے عائد، 4 کو اصلاحی نوٹس جاری

لاہور (این این آئی) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی ہدایت پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ڈیفنس روڈ پر 11 فوڈ پوائنٹس اور یونٹس کی چیکنگ کی، قوانین کی خلاف ورزی پر 1 اچار یونٹ بند، 6 پوائنٹس کو 2 لاکھ 15 ہزار کے جرمانے عائد، 4 کو اصلاحی نوٹس جاری کیے گئے جبکہ 4 ہزار کلو ناقص اچار، 150 لٹر زائد المیعاد عرق، 100 لیٹر ناقابل استعمال آئل، 50 کلو بدبودار گوشت، 1 من ممنوعہ فلیورز اور زائد المیعاد میونیز تلف کر دی گئی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ اچار یونٹ اور فوڈ پوائنٹس سے ملاوٹی اور ایکسپائر اشیا کی برآمد ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئیں، بدبودار، گندی سبزیوں (بقیہ نمبر 11)

لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ ماڈل ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## زیر حراست ملزمان کا انٹرویو کرنے پر دائر توہین عدالت کی درخواست پر فریقین سے رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے زیر حراست ملزمان کا انٹرویو کرنے پر دائر توہین عدالت کی درخواست پر تمام فریقین سے 19 فروری کو رپورٹ طلب کر لی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس علی ضیا باجوہ نے وشال شاکر کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ عدالت نے پولیس کو زیر حراست ملزمان کے میڈیا انٹرویو کروانے سے منع کیا تھا، عدالتی حکم کے باوجود پولیس زیر حراست ملزمان کے انٹرویو کی اجازت دے رہی ہے، استدعا ہے کہ عدالت متعلقہ لوگوں سے عدالتی حکم کی خلاف ورزی پر رپورٹ طلب کرے۔ عدالت نے تمام (بقیہ نمبر 3)

## ملکی بالائی، وسطی علاقوں میں 17 سے 21 فروری تک بارشوں کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے 17 فروری سے 21 فروری کے دوران ملک کیبالائی/وسطی علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور پہاڑوں پر برفباری اور چند مقامات پر ژالہ باری کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری بیان میں میں بتایا گیا کہ 17 فروری کی رات سے 21 فروری کے دوران مری گلیات، اسلام آباد، راولپنڈی، (بقیہ نمبر 4)

## سندھ ہائی کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس ندیم اختر ریٹائر

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس ندیم اختر ریٹائرڈ ہوگئے ہیں، جسٹس ندیم اختر 2012 سے سندھ ہائی کورٹ میں جج کی حیثیت سے کام کر رہے تھے۔ جسٹس ندیم اختر کے ریٹائرڈ ہونے کے بعد سندھ ہائی کورٹ میں ججز کی تعداد 32 رہ گئی ہے، 8 برس سے ہائیکورٹ میں 8 ججوں کی آسامیاں خالی ہیں۔ واضح رہے کہ سندھ ہائیکورٹ میں 6 ججز ایڈیشنل جج کے طور پر کام کر رہے ہیں۔

## پاکستان کو آئندہ چھ ماہ میں کئی ادائیگیاں کرنی ہیں' ٹیکس ایڈوائزرز

### پاکستان کو بلاتاخیر نیا بیل آؤٹ پروگرام چاہیے' چیئرمین جاوید اقبال قاضی، صدر عبدالغفار

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ یہ خوش آئند ہے کہ حکومت سازی کیلئے پیشرفت کرنے والی جماعتوں کو اس بات کا ادراک ہے کہ حکومت کے قیام کے فوری بعد آئی ایم ایف سے نئے پروگرام کیلئے رجوع کرنا پڑے گا، سیاسی قیادت کو یہ سوچنا چاہیے کہ ابھی (بقیہ نمبر 1)

## لیسکو کا بجلی چوروں کیخلاف آپریشن' 17 ہزار 562 ملزمان گرفتار

### ڈیٹکشن بل کی مد میں 2 ارب 81 کروڑ 94 لاکھ 11 ہزار 120 روپے چارج' ترجمان

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اور 156 روز سے جاری مہم کے دوران 17 ہزار 562 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق مجموعی طور پر 53 ہزار 663 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 9 4 ہزار (بقیہ نمبر 2)

لاہور، وزیر پرائمری وسکینڈری ہیلتھ کیئر پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر کیمپ جیل لاہور کے دورے کے موقع پر جیل ہسپتال میں مریضوں کا چیک اپ کر رہے ہیں

## شجاعت حسین نے مفاہمتی سیاست کی مضبوط بنیاد رکھ دی' مسلم لیگ

### سیاسی جماعتوں کا ملکی نازک حالات کا ادراک کرنا خوش آئند ہے' جنرل سیکرٹری لاہور ندیم پہلوان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان نے کہا ہے کہ چوہدری شجاعت حسین نے ایک بار پھر ملک کے بہترین مفاد میں تمام سیاسی جماعتوں کو اکٹھا کر کے ایک بار پھر مفاہمتی سیاست کی مضبوط بنیاد رکھ دی ہے، چوہدری شجاعت حسین مدبر اور دوراندیش سیاستدان ہیں اور انہوں نے کڑے وقت میں ہمیشہ ملک وقوم کے مفاد میں کردار ادا کیا ہے۔ اپنے بیان میں ندیم پہلوان نے کہا کہ ملک جن حالات سے دوچار ہے ایسے میں چوہدری شجاعت حسین کے مثبت کردار کی ساری قوم معترف ہے۔ یہ خوش آئند ہے کہ دوسری سیاسی جماعتوں کی قیادت نے بھی ملک کے نازک حالات کا ادراک کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی سیاسی جماعت کی جانب سے ''میں نہ مانوں'' کی رٹ خود اس کے اپنے حق میں بھی بہتر نہیں، اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ وہ تنہا ملک کو گھمبیر (بقیہ نمبر 5)

DIRECTORATE GENERAL SPORTS & YOUTH AFFAIRS SPORTS BOARD PUNJAB

لاہور، ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں انسٹی ٹیوٹ آف سپورٹ سائنسز پنجاب کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انتخابی نتائج میں مبینہ دھاندلی، جماعت اسلامی کا آج یوم سیاہ منانے کا اعلان

## واسا لاہور 4 ارب 85 کروڑ روپے کے واجبات کے ساتھ پہلے نمبر پر، سپریم کورٹ بھی نادہندہ اداروں کی فہرست میں شامل

### ٹی ایم اے داتا گنج بخش ٹاؤن 60 کروڑ، ٹی ایم اے اقبال ٹاؤن 53 کروڑ، ٹی ایم اے قصور 52 کروڑ روپے کے نادہندہ

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے وفاقی اور صوبائی نادہندہ اداروں کی فہرست جاری کر دی جس میں واٹر اینڈ سیوریج اتھارٹی (واسا) لاہور 4 ارب 85 کروڑ روپے کے واجبات کے ساتھ پہلے نمبر پر ہے۔ ترجمان لیسکو کے مطابق ٹی ایم اے داتا گنج بخش ٹاؤن 60 کروڑ، ٹی ایم اے علامہ اقبال ٹاؤن 5 3 کروڑ روپے، ٹی ایم اے قصور لیسکو کا 5 2 کروڑ روپے، محکمہ اریگیشن اینڈ پاور پنجاب 1 5 کروڑ روپے، محکمہ پولیس (بقیہ نمبر 6)

## کراچی: ڈاکوؤں نے نجی کمپنی کے ملازمین کو گیٹ پر لوٹ لیا

کراچی (این این آئی) ڈاکوؤں نے نجی کمپنی کے ملازمین کو گیٹ پر لوٹ لیا، ڈکیتی واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آ گئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں لاقانونیت میں اضافہ ہوگیا، حکومت سندھ اور پولیس حکام کے دعوؤں کے باوجود کراچی میں لٹیرے آزادانہ وارداتیں کرتے پھر رہے ہیں اور انہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ کراچی کے علاقے اورنگی بلال چورنگی پر نجی کمپنی کے ملازمین سے ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی، ڈکیتی واردات کی سی سی ٹی (بقیہ نمبر 8)

## قبضہ گروپ منشا بم کے دو بیٹوں کی عبوری ضمانت میں 26 فروری تک توسیع

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے سرکاری پلاٹوں پر قبضہ، ایل ڈی اے افسران پر حملہ اور فائرنگ کے مقدمے میں قبضہ گروپ منشا بم کے دو بیٹوں کی عبوری ضمانت میں 26 فروری تک توسیع کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور کے جج محمد نوید اقبال نے سماعت کی۔ ملزمان عامر منشا اور طارق منشا حاضری کے لئے اپنے وکیل شیر گل قریشی ایڈووکیٹ کے ہمراہ پیش ہوئے۔ عدالت نے ملزمان کی عبوری ضمانت میں 26 فروری تک توسیع کر دی اور آئندہ سماعت پر پولیس سے تفتیشی رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔

## پنجاب میں ڈینگی کا ایک نیا مریض ملتان میں رپورٹ ہوا

لاہور (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران پنجاب میں ڈینگی کا ایک نیا مریض ملتان میں رپورٹ ہوا۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق رواں سال کے دوران پنجاب میں ابھی تک ڈینگی کے کل 26 نئے مریضوں کی تصدیق ہوئی ہے۔ پنجاب کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے دو مریض زیر علاج ہیں۔ رواں سال کے دوران سب سے زیادہ لاہور میں ڈینگی کے مریضوں کی کل تعداد 13 ریکارڈ کی گئی۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

## سیاستدان اپنے خاندانوں کی بجائے ملک کا سوچیں' سنی علما کونسل

### نئی حکومت ملک سے بیروزگاری اور مہنگائی کے خاتمے کو ترجیح دے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ سیاستدان اپنے خاندانوں کی بجائے ملک کا سوچیں، تو منتخب اراکین اسمبلی عوام کے درمیان رہ کر انکے مسائل حل کرنے کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں، آنے والی نئی حکومت ملک سے بیروزگاری اور مہنگائی کے خاتمے کو ترجیح دے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث (بقیہ نمبر 7)

لاہور، محنت کش بچہ اپنے اہل خانہ کی کفالت کیلئے خطائیاں فروخت کر رہا ہے

## پی ایس ایل 9 کیلئے ٹریفک ایڈوائزری پلان تیار

### میچ کے دوران کسی بھی روڈ کو ٹریفک کے لئے بند نہیں رکھا جائیگا' سی ٹی او

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 9 کے لئے ٹریفک ایڈوائزری پلان تیار کر لیا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور عمارہ اطہر کے مطابق 04 ایس پیز، 12 ڈی ایس پیز اور 90 انسپکٹرز پی ایس ایل کے دوران فرائض سرانجام دیں گے جبکہ قذافی سٹیڈیم، ٹیموں کے روٹس اور متبادل راستوں پر 900 سے زائد وارڈنز تعینات ہوں گے۔ عمارہ اطہر نے کہا کہ رانگ پارکنگ (بقیہ نمبر 9)

## آن لائن پتنگیں و ڈور منگوا کر سپلائی کرنیوالے 6 ملزمان گرفتار

### ملزمان پشاور سے ڈور و پتنگیں آن لائن منگواتے' لاہور سمیت پنجاب میں آرڈر سپلائی کرتے تھے

لاہور (این این آئی) وحدت کالونی پولیس نے آن لائن پتنگیں و ڈور منگوا کر لاہور میں سپلائی کرنے والے 06 ملزمان گرفتار کر لئے۔ ایس پی احمد زنیر چیمہ نے بتایا کہ ملزمان احمد، حسیب، سلمان، زوہیب، عمران اور اقبال گرفتار ہونے والوں میں شامل ہیں۔ ملزمان لاہور سمیت پنجاب کے دوسرے اضلاع میں بھی پتنگیں و ڈور فروخت کرتے تھے۔ ملزمان پشاور سے ڈور و پتنگیں آن لائن منگواتے اور لاہور (بقیہ نمبر10)

غزہ ہے لہو لہو فلسطینی معصوم بچے مر نہیں رہے مارے جا رہے
امریکہ نے 16 ارب ڈالر اسرائیل کو فراہم کر دیئے تاکہ وہ فلسطین کو
امریکہ کا یہ فیصلہ عالمی عدالت انصاف کے فیصلے کو رد کرنے کے مترادف
انسانی زندگیاں مقدم جانو دنیا بھر کے حکمرانو امن کا سب سے بڑا دشمن امریکہ
فلسطین اور کشمیر کا مسئلہ حل کیے بغیر خطے میں امن ممکن نہیں رازق رب

لاہور، سول سوسائٹی کے اراکین معصوم فلسطینیوں پر مظالم کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں